بانڈس پرسنس یعنی ضامِنوں کے لیئے معلومات

بانڈس پرسنز یعنی ضامِنوں کا کیا کردار ہے؟

ایک بانڈ پرسن یعنی ضامِن کے لحاز سے آپ رقم جمع کریں گے اور/ یا ضامنی عہد کریں گے، اس بات کا یقین دلوانے کے لیئے کہ جو بندہ حراست میں ہے وہ اپنی رہائی کے حکمنامے کے تمام شرائط مان کر چلے گا.
حراست میں موجود شخص کو آپ رہائش مہیّا کرنے کی پیشکش دینے کے بارے میں بھی سوچ سکتے ہیں. معاملے کی سماعت کرنے والا ممبر اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ کی آفر یا پیشکش دیگر شرائط کے ساتھ ساتھ، اس کو حراست میں رکھنے کے بجائے کوئی بہتر متبادل صورت ہے یا نہیں. اگر وہ بندہ رہائی کے تمام شرائط مان کر نہیں چلتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ کینیڈا بارڈر سروسز ایجنسی (سی بی ایس اے) آپ کی جمع کی ہوئی اور/ یا ضامنی عہد کی ہوئی رقم کو رکھ لے. اگر آپ اس بات سے آگاہ ہیں کہ وہ شخص رہائی کی شرطوں کو مان کر نہیں چل رہا ہے، تو آپ کو فوری طور پر سی بی ایس اے کو مطلع کرنا ہوگا ، تاکہ آپ کے بانڈس پرسن یعنی ضامِن ہونے کے ناطے آپکی جو ذمّہ داریاں ہے، ان کو نبھائیں.

بانڈس پرسن یعنی ضامِن کو کس بات کے بنا پر معقول سمجھا جاتا ہے؟

بانڈس پرسن یعنی ضامِن سے امید رکھی جاتی ہے کہ ڈیٹینشن رویو یعنی حراست کی نظر ثانی کے دوران اپنی حلفیہ بیان دے تاکہ ممبر جانچ کر پائے کہ آپ معقول ہیں یا نہیں. کچھ لحاظ مندرجہ ذیل درج ہیں جو کہ بشمول ہیں پر صرف ان تک محدود نہیں ہیں:

- کینیڈا کے سیٹیزن یعنی شہری ہوں یا پرمننٹ ریزیڈنٹ یعنی مستقل رہائشی ہوں (اگر آپ پرفارمینس بانڈ یعنی انجام دہی ضمانت کے لیئے ضامنی عہد کر رہے ہوں تو).
- کم از کم 18 سال کی عمر کے ہوں.
- یہاں موجود ہوں اور حال میں کینیڈا میں رہائش پزیر ہوں (اگر آپ پرفارمینس بانڈ یعنی انجام دہی ضمانت کے لیئے ضامنی عہد کر رہے ہوں تو).
- حراست میں موجود بندے کو پہچانتے ہوں
- اپنی مرضی سے سامنے آئےہوں
- اپنے پیسے ضامنی عہد پر لگانے کے لیئے رضامند ہوں.
- حراست میں موجود شخص کو نگرانی پیش کریں.

کتنی رقم کی ضرورت ہے؟

کسی خاص مقدار کے رقم کی ضرورت نہیں ہوتی؛ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کتنی رقم ضامنی عہد کے طور پر رکھنا چاہتے ہیں. رقم کی اخیر مقدار، سماعت پر ممبر طے کرے گا. دو قسم کے بانڈ یعنی ضمانت ہوتے ہیں: ڈیپوزِٹز یعنی جمع شدہ اور گیرینٹیز یعنی ضامنی طور پر عہد کی ہوئی.

ڈیپوزٹ یعنی جمع شدہ کیا ہے؟

اس کَو عام طور پر کیش بانڈ یعنی رقم کی ضمانت کہتے ہیں. سماعت کے دوران آپ سے پوچھا جائے گا کہ رقم کہاں سے مہیّا کی جا رہی ہے. یہ اس بندے کے فنڈ یعنی رقم سے نہیں ہو سکتا ہے، جو حراست میں ہے. جو شخص حراست میں ہے اسے اس وقت تک جراست سے رہا نہیں کیا جا سکتا ہے جب تک کہ یہ فنڈ یعنی رقم جمع نہ کیئے گئے ہوں. ڈیپوزٹ یعنی جمع کس طریقے سے کیا جائے، اس کی کاروائی سی بی ایس اے (CBSA) کرتا ہے.

ID – 674bi (2016/07/11)
Disponible en français

Canada

گیرینٹی یعنی ضامنی عہد کیا ہے؟
اس کو عام طور پر پرفارمینس بانڈ یعنی انجام دہی ضمانت کہا جاتا ہے۔ اگر وہ شخص اپنے رہائی کے حکم نامے کے شرائط کا لحاظ نہ کرے تو آپ پر لازم ہو جائے گا کہ جس رقم کا عہد آپ نے کیا ہے اس کی ادائگی کریں۔ سی بی سی اے آپ کے وعدہ نبھانے کی قابلیت کی جانچ کرے گا۔ مثلاً آپ جس مقدار کی ضمانت کے لیئے اہل قرار دیئے جائیں گے، وہ منحصر ہو گا آپ کی دی ہوئی تحریری ثبوتوں پر، جو کہ آپ اپنے موجودہ اثاثوں کی وضاحت کے لیئے پیش کریں گے، جیسا کہ مکان کے مالک ہونے کا ثبوت یا سالانہ کمائی۔ اگر آپ کی کوئی کمائی یا کوئی اثاثے نہ ہوں تو ہو سکتا ہے کہ آپ پرفارمینس بانڈ یعنی انجام دہی ضمانت پیش کرنے کے لیئے اہل نہ قرار دیئے جائیں۔

ایک بانڈس پرسن یعنی ضامن کے لحاظ سے میری ذمّہ داری کب ختم ہو گی؟
ہر معاملہ مختلف ہوتا ہے؛ وقت کی کوئی مدّت مقرّر نہیں ہے۔ ایک بانڈس پرسن یعنی ضامن کے لحاظ سے آپ اس شخص کی نگرانی کے ذمّہ دار ہیں، جب تک کہ اس کے اِمگریشن یعنی ترک وطنی کے معاملات ختم نہ ہو جائیں۔ ایک بندے کے اِمگریشن یعنی ترک وطنی کے معاملات کو صرف چند ہفتے لگ سکتے ہیں، لیکن اس کے اختتام میں سالوں کی مدّت لگ سکتی ہے۔ اخیر میں، آپ کو اپنے پیسے صرف اسی صورت میں واپس ملیں گے کہ، جبکہ وہ شخص، جس کی آپ نگرانی کر رہے تھے، اپنی رہائی کے تمام شرائط کو مان کر چلا ہو یا چلرہی ہو تو۔ اگر وہ شخص اپنی رہائی کے حکم نامے کا کوئی بھی شرط توڑتا ہے تو آپ کو اپنی ضامنی عہد کی ہوئی اور/ یا جمع کیئے ہوئے رقم کو کھو دینے کا خدشہ ہے۔

اگر میں کسی شرط کو بدلنا چاہوں یا اپنے آپ کو بانڈس پرسن یعنی ضامن کے لحاظ سے ہٹانا چاہوں تو؟
اس بات کی توقع کی جاتی ہے کہ جب تک اس شخص کے اِمگریشن یعنی ترک وطنی کے معاملات ختم نہیں ہو جاتے، آپ بانڈس پرسن یعنی ضامن رہیں گے۔ غیر معمولی صورتوں میں، جیسا کہ اگر کسی نئے ضامن کی تجویز ہوتو ممبر آپ کو ضامن کے لحاظ سے ہٹا سکتا ہے۔ ان غیر معمولی صورتوں میں، جہاں آپ بانڈس پرسن یعنی ضامن ہونا نہیں چاہتے ہوں تو، آپ کو چاہیئے کہ آپ اِمگریشن ڈویژن رجسٹری کو تحریری درخواست دیں اور اپنے درخواست کی کاپیاں سی بی ایس اے کو اور متعلقہ شخص کو بھیجیں۔ اس بات کی کوئی گیرینٹی یعنی یقین دہانی نہیں ہے کہ آپ کی درخواست کو مان لیا جائے گا۔ کبھی کبھار ایک نئے سماعت کی ضرورت پیش آ سکتی ہے، یا اس درخواست کی سیدھی موافقت کی جا سکتی ہے یا اس کو انکار کیا جا سکتا ہے، کسی سماعت کے بغیر ۔

بانڈس پرسنس یا ضامنوں کے لیئے مزید وسائل
ڈیٹینشن رِویو یعنی حراست کی نظر ثانی کے بارے میں مزید معلومات کے لیئے، برائے مہربانی ئی آر بی کے ویب سیئٹ
http://www.irb-cisr.gc.ca/Eng/detention/Pages/detention.aspx.

پر موجود ڈیٹینشن رویو ہیَرِنگ پیمفلیٹس یعنی حراست کی نظر ثانی کے سماعت کے کتابچوں کا ملاحظہ کیجیئے

ID – 674bi (2016/07/11)
Disponible en français

Canada